Session 20th
No 333
Date 6/8/2021
Department Home

نوٹس

جناب سپیکر صاحب!

میں اسمبلی کے قاعدہ نمبر 69 کے تحت درج ذیل تحریک التواء پیش کرنے کا نوٹس دیتا ہوں،۔

تحریک التواء

میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ اسمبلی کی معمول کی کارروائی کو روک کر مفاد عامہ کے ایک انتہائی اہم معاملہ پر بحث کی جائے اور وہ یہ ہے کہ پشاور میں امن وامان کی صورتحال دن بہ دن بگڑتی جارہی ہے۔ایک اخباری رپورٹ کے مطابق پشاور میں ایک ماہ کے دوران خواتین و بچوں سمیت 55 افراد قتل کر دیئے گئے ہیں۔ جولائی اور اگست کے مہینے میں پشاور شہر میں جرائم کی 62 وارداتیں ہوئیں جبکہ ڈاکے، رہزنی اور چوری کے واقعات میں کروڑوں کی لوٹ مار کی گئی اور اقدام قتل کی وارداتوں میں دگنا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ خواتین و بچوں کیساتھ زیادتی کے 34 اور اغواء کے 13 واقعات رونما ہوئے۔ پشاور شہر جرائم پیشہ عناصر کا گڑھ بنتا جارہا ہے ۔لہٰذا اس اہم معاملے پر بحث کی جائے۔

ممبر انچارج

(عنایت اللہ)

ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

ADJOURNMENT MOTION

Session No. 20th
Notice No. 333
Received Time: 10:40
Received Date 6/8/2021
From Mr. / Ms. ________ MPA
Receiver Sign: ________